سوال

اللہ سبحانہ وتعالی پر توکل اوراس سے مدد طلب کرنے اوراستخارہ کے بعد میں نے ایک لڑکی کا رشتہ طلب کیا لیکن لڑکی نے زیر تعلیم ہونے کی بنا پر انکار کردیا، یہ علم میں رہے کہ میں اس سے محبت کرنے لگا ہوں اور ہر وقت اس کے بارہ میں ہی سوچتا رہتا ہوں اوراستخارہ کے بعد شرح صدر اور راحت حاصل ہونے کے بعد تو میں اور بھی اس کے متعلق زیادہ سوچنے لگا اوراسے چاہنے لگا ہوں میری والدہ کہتی ہیں کہ ہم دوبارہ کوشش کریں گے، لیکن میں تردد میں ہوں کیونکہ دوبارہ رشتہ طلب کرنے میں اپنے خاندان کی توہین سمجھتا ہوں؛ توکیا اس کا دوبارہ رشتہ طلب کرلوں یا نہیں ؟ برائے مہربانی اللہ کے بعد اس مسئلہ کو حل کرنے کے لیے آپ میری مدد فرمائیں

جواب

الحمد للہ

اگر لڑکی دین واخلاق والی ہے تو پھر دوبارہ کوشش کرنے میں کوئی حرج نہیں، اوراگر ممکن ہو تو براہ راست خود رشتہ طلب کرنے کی بجائے کسی دوسرے کو درمیان میں ڈالیں تو یہ افضل و بہتر ہوگا، تا کہ خاندان والوں کو بھی تنگی نہ ہو

اگرچہ فی الواقع ہم وقت حاضر میں آپ کی اس کی نصیحت نہیں کرتے؛ اگر تو اس کی تعلیم عنقریب ختم ہونے والی ہے اور آپ کے لیے انتظار کرنا ممکن ہے تو آپ درمیان میں آنے والے شخص سے تفصیلی بات کریں کہ انتظار کیا جا سکتا ہے

اوراگر انکار کرنے میں اس کے علاوہ کوئی اور سبب ہے جس کا انہوں نے اظہار نہیں کیا تو پھر ایسا نہیں ہو سکتا، بہر حال آپ کو یہ معاملہ اللہ کے سپرد کر دینا چاہیے؛ کیونکہ بندے کو علم نہیں کہ اس کے لیے خیر و بھلائی کس چیز میں ہے اس لیے آپ اس کے متعلق سوچنا اوراس سے تعلق ختم کر دیں اوراللہ سبحانہ وتعالی سے دعا کریں کہ وہ آپ کے لیے خیر و بھلائی جہاں بھی ہے اس میں آسانی پیدا فرمائے

آپ اپنے دل میں دونوں احتمال رکھیں، اگر تو رشتہ قبول ہوگیا تو آپ امید رکھیں کہ اس میں خیر تھی اوراطاعت پر معاونت ہے، اوراگر انکار ہوگیا تو امید ہے کہ اللہ سبحانہ وتعالی نے آپ سے وہ کچھ دور کیا ہے جو آپ کی مصلحت میں نہ تھا، اوراللہ نے آپ دونوں میں سے ہر ایک کے لیے وہی کچھ جمع کر دیا جس میں اس کے لیے بھلائی تھی اوراس میں ہی اس کے لیے خیر تھی

اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے :

ہوسکتا ہے تم کسی چیز کو ناپسند کرو حالانکہ وہ تمہارے لیے بہتر ہو، اور ہوسکتا ہے تم کسی چیز کو پسند کرو حالانکہ وہ تمہارے لیے بری ہو، اللہ تعالی ہی جانتا ہے اور تمہیں علم نہیں البقرۃ (216).

چاہے کسی لڑکی کے ساتھ کتنا بھی تعلق ہو تو بھی مومن شخص کے پاس بہت سارے اہتمامات اوراہداف اوراعمال ہیں جو اسے اس سے دور ہٹا سکتے ہیں، اللہ تعالی سے ہماری دعا ہے کہ وہ ہمیں اور آپ کو اپنی اطاعت و فرمانبرداری میں مشغول کر دے

واللہ اعلم.

96735